# آئیے ملازم کے صحت کی پالیسی کا آغاز کریں!

ملازم کے صحت کی پالیسی (EHP) کا آغاز کرنے کے لیے، آپ کو ہمارے ملازمین کے ساتھ ایک بار میں ایک کرکے یا گروپ کے بطور تربیتی میٹنگ میں شامل ہونا چاہئے، اور کچھ بہت ہی خاص معلومات پر نظرثانی کرنی چاہئے۔

ایسی تین قسمیں ہیں جن کا استعمال ملازم کے صحت کی پالیسی (EHP) کی وضاحت کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ فارموں میں سے دو ملازمین اور مینیجرز کے لیے ہیں اور تیسرا فارم صرف مینیجرز کے لیے ہے۔

فارم **#1** کا عنوان ہے "غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کیا ہے؟"
فارم **#2** کو ملازم کا معاہدہ کہا جاتا ہے۔
فارم **#3** کو مینیجر کے فیصلے کا رہنما کہا جاتا ہے۔

آپ اپنے ملازمین کو تربیت دیتے وقت فارم #1 اور #2 استعمال کریں گے۔ اس کی اتنی کاپیاں کروائی جائیں کہ ہر ملازم اسے اپنے طور پر پڑھ سکے۔
فارم #1 – غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کیا ہے؟ آپ کو درج ذیل اہم پوائنٹس بنانے چاہئیں:

1) غذا سے پیدا ہونے والی بیماری گاہکوں کو بیمار کر سکتی ہے اور اس کا اثر ریستوراں کے کاروبار پر پڑسکتا ہے۔
2) غذا سے پیدا ہونے والی چھ بڑی بیماریاں بہت زیادہ متعدی ہیں اور اس کی وجہ سے شدید بیماری ہوسکتی ہے۔
3) غذا سے پیدا ہونے والی چھ بڑی بیماریاں بہت زیادہ متعدی ہیں اور شدید بیماری پیدا کرسکتی ہے۔

فارم #2 – ملازم کا معاہدہ؛ آپ کو درج ذیل اہم پوائنٹس بنانے چاہیں:

1) ملازم مینیجر کو رپورٹ کرنے پر راضی ہے اگر:
   a. ملازم کو غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کی علامات کا تجربہ ہوا ہو؛
   b. ڈاکٹر نے ملازم سے کہا ہے کہ وہ غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کی وجہ سے بیمار ہے؛
   c. ملازم دوسرے شخص کے رابطے کی وجہ سے غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کے رابطے میں آیا ہو۔

سبھی نئے ملازمین کے لیے ملازم کے صحت کی پالیسی کو تربیت کا حصہ بنائیں۔ معائنوں کے دوران، محکمۂ صحت کے علاقائی انسپکٹر آپ کے تربیت لینے کے ثبوت کے بارے میں پوچھیں گے۔

یہ ظاہر کرنے کے دو طریقے ہیں کہ ملازمین کو ملازم کے صحت کی پالیسی کی معلومات موصول ہوئی ہے:
1) ملازم کے معاہدہ پر ملازم کے دستخط یا
2) گروپ کی تربیت کی میٹنگ سے سائن ان شیٹ۔

اگر ملازم کے صحت کی پالیسی کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو آپ فیئرفیکس کاؤنٹی کے محکمۂ صحت سے رابطہ کرسکتے ہیں یا ویب سائٹ www.fairfaxcounty.gov/hd/food ، سے مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

**Fairfax County Health Department**
*Division of Environmental Health*
10777 Main Street, Suite 111, Fairfax, VA 22030
Phone: 703-246-2444 TTY: 711 Fax: 703-653-9448
www.fairfaxcounty.gov/hd

## **فارم #1**　　غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کیا ہے؟

آلودہ کھانا کھانے سے لوگ بیمار ہوسکتے ہیں۔ اسے غذا سے ہونے والی بیماری کہا جاتا ہے۔ آلودہ ہونے کا مطلب ہے غذا میں بیکٹریا اور وائرسوں کا ہونا جو لوگوں کو بیمار کرسکتا ہے۔ ریستوراں میں کبھی کبھی غذا ملازم کے رکھ رکھاؤ کے طریقے کی وجہ سے بھی آلودہ ہو سکتی ہے۔ اگر ریستوراں میں کھانا کھانے کی وجہ سے گاہک بیمار ہوجاتا ہے، تو اس کے سنگین نتائج ہوسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر:

ملازم
- مناسب طریقے سے اپنے ہاتھوں کو نہ دھوکر غذا کو آلودہ کرسکتا/سکتی ہے؛

گاہک
- بیمار پڑ جاتا ہے
- دوستوں، رشتہ داروں، پڑوسیوں کو ریستوراں میں کھانے سے منع کرتا ہے
- محکمۂ صحت سے شکایت کرتا ہے
- ریستوراں کو عدالت لے جاسکتا ہے

ریستوراں
- کاروبار کا نقصان
- کاروبار چھوڑنا پڑسکتا ہے

ملازم
- ملازمت سے نکالا جاسکتا ہے

ریاستہائے متحدہ میں غذا سے پیدا ہونے والی سب سے عام بیماریاں ہیں:

**.1** ای۔ کولی　　**.2** سالمونیلا ٹائیفی　　**.3** شیگیلا
**.4** نورووائرس　　**.5** نان ٹائیفاڈیل سالمونیلا **(NTS)**　　**.6** ہیپاٹائٹس اے

ان بیماریوں کو چھ بڑی (بگ سکس) کہا جاتا ہے۔ اکثر ان بیماریوں کے ایک جیسے ہی علامات ہوتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ ملازم غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کے علامات کی شناخت کرے:

1) قے ہونا
2) اسہال
3) یرقان
4) بخار کے ساتھ گلے کی سوزش
5) جلد میں انفیکشن جیسے کھلی ہوئی خراشیں"

اپنے مینیجر کو کال کریں = 

**Fairfax County Health Department**
*Division of Environmental Health*
10777 Main Street, Suite 111, Fairfax, VA 22030
Phone: 703-246-2444 TTY: 711 Fax: 703-653-9448
www.fairfaxcounty.gov/hd

## فارم #2 ملازم کی بیماری سے متعلق رپورٹ کرنے کے لیے معاہدہ

آپ عام لوگوں کو محفوظ کھانا فراہم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ غذا کا نگہبان ہونے کے بطور، آپ کو درج ذیل علامات اور کیفیت کی اطلاع دینے کی ذمہ داری ہے۔

میں انچارج فرد کو غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کے درج ذیل علامات کی اطلاع دینے کے لیے متفق ہوں:

1. قے
2. اسہال
3. یرقان – جلد یا آنکھوں کا پیلا رنگ
4. بخار کے ساتھ گلے کی سوزش
5. انفیکشن زدہ زخم

میں انچارج فرد کو اطلاع دینے کے لیے متفق ہوں اگر ڈاکٹر کہتے ہیں کہ مجھے درج ذیل انفیکشنز میں کوئی ایک ہے:

1. ای۔ کولی
2. سالمونیلا ٹائیفی
3. نان-ٹائیفاڈیل سالمونیلا (NTS)
4. شیگیلا
5. ہیپاٹائٹس اے
6. نورووائرس

میں انچارج فرد کو اطلاع دینے کے لیے متفق ہوں اگر میں درج ذیل طریقوں سے غذا سے پیداہونے والی بیماری کے رابطے میں آتا/آتی ہوں:

1. اگر میں غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کے تصدیق شدہ وبا کے رابطے میں آتا / آتی ہوں؛
2. میرے گھر میں رہنے والے کسی شخص کو غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کی تشخیص ہوئی ہے؛
3. میرے گھر پر رہنے والا کوئی شخص ایسی جگہ ایک تقریب میں شرکت کرتا ہے یا کام کرتا ہے ہے جہاں پر غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کی تصدیق شدہ وبا موجود ہے۔

### ملازم کا اعتراف

میں سمجھتا/ سمجھتی ہوں کہ اگر میں اس معاہدے کے کسی شرائط کی تکمیل کرنے میں ناکام ہوتا/ہوتی ہوں، تو غذا سے متعلق ادارے یا فیئرفیکس کاؤنٹی کے محکمۂ صحت کے ذریعہ کارروائی کی جاسکتی ہے جس سے میری ملازمت متاثر ہوسکتی ہے۔

ملازم کا نام (براہ کرم جلی حروف میں لکھیں) ______________________________

ملازم کا دستخط______________________________ تاریخ ______________

انچارج فرد کے دستخط______________________________ تاریخ ______________


**Fairfax County Health Department**
*Division of Environmental Health*
10777 Main Street, Suite 111, Fairfax, VA 22030
Phone: 703-246-2444 TTY: 711 Fax: 703-653-9448
www.fairfaxcounty.gov/hd

## آئیے ملازم کے صحت کی پالیسی کا آغاز کریں!

## فارم #3 – مینیجر کے فیصلے کا رہنما – مینیجرز کے لیے؛

اہم پوائنٹس:

1) اگر کوئی ملازم مینیجر سے کہتا ہے کہ وہ غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کی علامات کے ساتھ بیمار ہے تو مینیجر کو فیصلہ لینا چاہئے۔

2) صفحہ کے سب سے اوپر ہر ایک باکس میں سوال کے ساتھ چار (4) نیلے رنگ کے باکسز ہیں۔

a. مینیجر کو سبھی چاروں سوالات کرنے چاہئیں۔

b. نیلے باکس سے نکلنے والی لکیریںہاں یا نہیں کے جواب والے باکسز تک جاتی ہیں۔

c. اگر نیلے رنگ کے باکس کے سوال کا جواب "ہاں"، ہے تو مینیجر کو یہ فیصلہ لینا چاہئے کہ آیا ملازم کو کام پر آنے دیا جائے۔

d. "ہاں" والے باکس میں ایک لکیر ہے جو اس فیصلے تک جاتی ہے جو مینیجر کے لیے پوچھے گئے سوال کی بنیاد پر کرنا ضروری ہے۔

i. فیصلہ کے باکسز سرخ، پیلے اور ہرے رنگ کے ہیں۔ سرخ کا مطلب ہے کہ ملازم کو ہٹایا جانا چاہئے – وہ کام پر نہیں آسکتا/سکتی

ii. پیلا کا مطلب ہے ملازم کو محدود کیا جانا چاہئے – وہ کام پر آسکتا/سکتی ہے لیکن انہیں ایسا کوئی کام نہیں کرنا چاہئے جو اسے غذا یا غذا سے مس ہونے والی سطحوں کے نزدیک لائے – مثال کے طور پر، کھانا نہیں تیار کرنا، برتن نہ دھونا۔ وہ ممکنہ طور پر کچن کا کام بالکل ہی نہیں کریں گے۔ اگر آپ کا ریستوراں ملازم کے لیے کھانا بنانے کے علاوہ کوئی اور کام کرنے کے لیے کافی زیادہ بڑا نہیں ہے تو، آپ ملازم کو گھر پر رہنے کے لیے کہنے کا فیصلہ کرسکتے ہیں۔


e. اگر نیلے باکس کے سوال کا جواب"نہیں" ہے تو، سبھی لکیریں سبز رنگ کے فیصلہ والے باکس کی طرف جاتی ہیں۔ ملازم معمول کے مطابق کام پر آسکتے ہیں۔ البتہ، مینیجر کو ملازم کے ساتھ غذا سے پیدا ہونے والی بیماری کی علامات پر دوبارہ نظرثانی کرنے کے لیے وقت نکالنا چاہئے۔

3) صفحہ کے نچلے حصے میں موجود بڑا نیلے رنگ کے باکس میں معلومات کا ایک اور اہم ٹکڑا موجود ہے۔ اگر ڈاکٹر کسی ملازم سے کہتے ہیں کہ وہ ای۔ کولی **O157:H7**، شیگیلا، سالمونیلا ٹائیفی، نان ٹائیفاڈیل سالمونیلا **(NTS)**، نوروروائرس، یا ہیپاٹائٹس **A** کی وجہ سے بیمار ہے، تو آپ کو لازمی طور پر فیئرفیکس کاؤنٹی محکمۂ صحت کو کال کرنی چاہئے۔ ملازم کو کام پر واپس جانے کے لیے کچھ خصوصی اقدام ہیں۔ محکمۂ صحت ان اقدام کی وضاحت کرے گا۔

**Fairfax County Health Department**
*Division of Environmental Health*
10777 Main Street, Suite 111, Fairfax, VA 22030
Phone: 703-246-2444 TTY: 711 Fax: 703-653-9448
www.fairfaxcounty.gov/hd

## PIC/CFM (غیر-HSP) کے لیے ملازمین کی بیماری سے متعلق فیصلے کا رہنما

اس بات کا تعین کرنے کے لیے اس فلو چارٹ کا استعمال کریں کہ آیا غیرتشخیص شدہ بیماری والا کوئی ملازم غذا کے ذریعہ بیماری پھیلا سکتاہے اور اسے کام سے روکا یا الگ کیا جانا چاہئے۔




اگر غذا سے متعلق ملازم میں نورووائرس، ہیپاٹائٹس A وائرس، ای کولیO157:H7 ، شیگیلا، سالمونیلا ٹائیفی یا نان ٹائیفاڈیل سالمونیلا (NTS) کی تشخیص ہوئی ہے، تو ملازم کو فورا الگ کریں اور رہنمائی کے لیے فیرفیکس کاؤنٹی محکمۂ صحت، کنزیومر پروٹیکشن پروگرام سے 703-246-2444 پر رابطہ کریں۔

## **PIC/CFM (HSP)** کے لیے ملازمین کی بیماری سے متعلق فیصلے کا رہنما

انتہائی اثرپذیر آبادی میں کام کرنے والے ملازمین کے استعمال کے لیے، جس میں نرسنگ ہومز، ایڈلٹ
ڈے ہیلتھ کیئر، چائلڈ ڈے کیئر یا ایلیمنٹری اسکول شامل ہے۔
اس بات کا تعین کرنے کے لیے اس فلو چارٹ کا استعمال کریں کہ آیا غیرتشخیص شدہ بیماری
والا کوئی ملازم غذا کے ذریعہ بیماری پھیلا سکتاہے اور اسے کام سے روکا یا الگ کیا جانا چاہئے۔

ملازم بیماری کی اطلاع دینے کے لیے مینیجر کو کال کرتا ہے،
PIC/CFM درج ذیل میں کے سبھی سوالات پوچھتے ہیں:

**کیا ملازم میں انفیکشن زدہ کٹ یا زخم کے علامات پائے جاتے ہیں؟**
- نہیں ← غذا کے تحفظ کا خطرہ نہیں
- ہاں ← زخم یا کھلے ہوئے گھاؤ کی ناقابل نفوذ کور سے حفاظت کریں۔ اگر زخم یا کھلا ہوا گھاؤ ہاتھ پر موجود ہے، تو واحد استعمال والے دستانے پہنیں۔ ← معمول کے کام کی اجازت دیں

**کیا ملازم تشخیص شدہ پانچ بڑے میں سے ایک کے رابطہ میں آیا ہے؟**
- نہیں ← غذا کے تحفظ کا خطرہ نہیں
- ہاں ← پابندیوں کے ساتھ کام کی اجازت دینا

**کیا ملازم کو بخار کے ساتھ گلے میں سوزش ہے؟**
- نہیں ← غذا کے تحفظ کا خطرہ نہیں
- ہاں ← ملازم کو کام سے الگ کرنا

**کیا ملازم کو قے، اسہال یا یرقان ہوا ہے؟**
- نہیں ← غذا کے تحفظ کا خطرہ نہیں
- ہاں ← ملازم کو کام سے الگ کرنا

### ملازم کو کام سے الگ کرنا

- اگر پہلے سے کام پر ہے، تو اسے گھر بھیجیں
- اگر قے یا اسہال ہوتو، علامات کے ختم ہونے کے 24 گھنٹوں تک کام سے الگ رہیں
- یرقان ہونے کی صورت میں، محکمۂ صحت سے رابطہ کریں
- اگر بخار کے ساتھ گلے میں سوزش ہے، تو گھر سے واپس آنے سے پہلے ڈاکٹر کا نوٹ فراہم کیا جانا لازمی ہے
- اس پر گفتگو کریں کہ غذا سے متعلق بیمار ملازمین کے ذریعہ کس طرح سے بیماری منتقل ہوتی ہے۔

### پابندیوں کے ساتھ کام کی اجازت دینا

- ملازم کو کھلے ہوئے کھانے، صاف آلات، برتنوں، چادروں، یا بغیرلپیٹے ہوئے واحد سروس آئٹمز کے ساتھ کام نہیں کرنا چاہئے۔
- ملازم کے واپس آنے کے سلسلے میں رہنمائی کے لیے محکمہ صحت سے رابطہ کریں
- ہاتھ دھونے پر زور دیں
- علامات کے بارے میں بتائیں
- بیماری کی رپورٹنگ پالیسی پر گفتگو کریں
- اس پر گفتگو کریں کہ غذا سے متعلق بیمار ملازمین کے ذریعہ کس طرح سے بیماری منتقل ہوتی ہے۔

### معمول کے کام کی اجازت دیں

- علامات کے بارے میں بتائیں
- ہاتھ دھونے پر زور دیں
- کھانے کے لیے تیار غذا کو ننگے ہاتھوں سے رابطہ نہ ہونے دیں
- بیماری کی رپورٹنگ پالیسی پر گفتگو کریں
- اس پر گفتگو کریں کہ غذا سے متعلق بیمار ملازمین کے ذریعہ کس طرح سے بیماری منتقل ہوتی ہے۔

اگر غذا سے متعلق ملازم میں نوروائرس، ہیپاٹائٹس **A** وائرس، ای۔ کولی**O157:H7** ، شیگیلا، سالمونیلا ٹائیفی یا نان ٹائیفاڈیل سالمونیلا **(NTS)**کی تشخیص ہوئی ہے، تو ملازم کو فورا الگ کریں اور رہنمائی کے لیے فیئرفیکس کاؤنٹی محکمۂ صحت، کنزیومر پروٹیکشن پروگرام سے 703-246-2444 پر رابطہ کریں۔

# ملازم کی غیر حاضری/بیماری کا ریکارڈ

ہدایات: بیماری کی وجہ سے ملازم کی غیرحاضری کی نگرانی کرنے کے لیے اس لاگ کا استعمال کریں۔ غیر حاضریوں کا پتہ لگانا آپ کے ادارہ کو غذا سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے پھیلاؤ کو بہتر طور پر قابو میں رکھنے کا اہل بنائے گا۔ براہ کرم اپنے ادارہ کے ملازم کے صحت کی پالیسی پر نظرثانی کریں اور اس سے رجوع کریں۔

| | | ملازم کے ذریعہ مینیجر کو رپورٹ کردہ علامات: | | مینیجر/ملازم کا جواب: | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رپورٹ کرنے کی تاریخ: | ملازم کا نام | قے ہونا (**V**)، اسہال (**D**)، یرقان (**J**)، **sore** بخار کے ساتھ گلے میں سوزش (**ST**)، انفیکشن زدہ زخم (**IW**)؟* | دیگر علامات | کام سے ہٹائے یا محدود کیے جانے کی تاریخ؟* | معمول کے کام سے متعلق فرائض پر واپس آنے کی تاریخ؟ | ڈاکٹر سے رابطہ کیا؟ ہاں /نہیں | تشخیص شدہ؟** ہاں/نہیں - اگر ہاں، تو بیماری کا نام بتائیں۔ | محکمۂ صحت سے رابطہ کیا؟ ہاں /نہیں | محدود فرائض |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |
| | | ____V ___D ___J ___ST ___IW | | | | | | | |

*اگر قے یا اسہال ہوتو، علامات کے ختم ہونے کے 24 گھنٹوں تک کام سے الگ رہیں۔ یرقان ہونے کی صورت میں، محکمۂ صحت سے رابطہ کریں۔

**اگر غذا سے متعلق ملازم میں نوروِوائرس، ای۔ کولی O157:H7۔ شیگیلا، ہیپٹائٹس A، سالمونیلا ٹائیفی یا نان ٹائیفاڈیل سالمونیلا (NTS) کی تشخیص ہوئی ہے تو، ملازم کو الگ کریں اور رہنمائی کے لیے محکمہ صحت سے 703-246-2444 پر رابطہ کریں۔ غیرتشخیص شدہ ہونے پر، محکمۂ صحت کے ذریعہ فراہم کردہ ملازمین کی بیماری سے متعلق فیصلے کا رہنما سے رجوع کریں۔



**Fairfax County Health Department**
Division of Environmental Health
Consumer Protection Program
Main Street, Suite 111, Fairfax, VA 22030 10777
9448-653-TTY: 711 Fax: 703 **2444-246-**Phone: 703
www.fairfaxcounty.gov/hd